© rasailojaraid.com



# حرفِ آغاز

قارئین کرام ''الاضواء'' (اردو) کا دوسرا شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ یہ بات ہمارے لیے باعثِ مسرت ہے کہ ملک کی مختلف جامعات کے اساتذہ کرام نے ''الاضواء'' میں دلچسپی کا اظہار کیا ہے اور اپنے رشحاتِ قلم سے اسے مزین کیا ہے۔ موضوعات میں تنوع ہے۔ مضامین کا انتخاب ماہرین کرام کے مشورہ سے کیا گیا ہے۔

ہر کام میں اصلاح و بہتری کی گنجائش رہتی ہے۔ قارئین کرام سے التماس ہے کہ وہ ''الاضواء'' کو بہتر بنانے کے لیے اپنی گراں قدر تجاویز سے نوازیں۔ ہم مقالہ نگار حضرات کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے قلمی معاونت فرمائی۔

عزیزم عبدالقیوم کی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے مجلّہ کی کمپوزنگ اور پروف ریڈنگ میں تعاون کیا۔ اللہ تعالیٰ ان سب لوگوں کو اجر جزیل عطا فرمائے جنہوں نے کسی نہ کسی انداز میں اس شمارے کی اشاعت میں تعاون فرمایا۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

جمیلہ شوکت

© rasailojaraid.com